## دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

# شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف اور ایچ۔ای۔ڈاکٹر ایراج الہیٰ ایرانی سفیر برائے ہند نے جامعہ میں ایرانولوجی ہال کا افتتاح کیا

New Delhi, May 30, 2025

شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف اور ایچ۔ای۔ڈاکٹر ایراج الہی، ایرانی سفیر برائے ہند نے کل جامعہ کے محبّ الحسن بلاک میں نوتجدید شدہ ایرانولوجی ہال کا افتتاح کرتے ہوئے جامعہ اور ایرانی کلچرل ہاؤس، اسلامی جمہوریہ ایران کے دیرینہ تہذیبی وثقافتی اور تعلیمی تعلقات میں نیا باب قائم ہوا جس نے ہال کی تجدید اور اس کی درستی کا کام کرایا ہے۔شعبہ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تقریب منعقد کی جس میں ڈاکٹر فریدالدین فرید عصر، کلچرل کاؤنسلر، کلچر ہاؤس اسلامک ریپبلک آف ایران نئی دہلی نے شرکت کی۔ پروفیسر ابوذر خیری، کارگزار مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر اقتدار محمد خاں، ڈین، فیکلٹی آف ہیومنی ٹیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر صائمہ سعید، مشیر برائے بیرونی طلبہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور دیگر مدعو مہمانان اور مندوبین کی موجودگی میں اس کا افتتاح عمل میں آیا۔

افتتاحی تقریب میں بڑی تعداد میں طلبہ، پی ایچ ڈی اسکالر، فارسی زبان وادب کے ماہرین، صدور شعبہ جات اور ڈینز نے شرکت کی اور ہال کا دورہ کیا جسے ایرانی صناعی کے نمونوں، دیواری نمائش، تصاویر اور ایران کی تاریخی وتہذیبی حقائق سے متعلق اشتہار سجایا گیا تھا۔

ڈاکٹر یاسر عباس کی تلاوت سے پروگرام کا مبارک ومسعود آغاز ہوا۔ڈاکٹر محسن علی، فیکلٹی رکن، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کی نظامت کی اور مقررین کا تعارف پیش کیا۔اپنی خیر مقدمی تقریر میں پروفیسر اقتدار محمد خان نے ایرانی زبان، تہذیب اور ایران کی تاریخ کو محفوظ رکھنے کی کاوشوں کے لیے ایرانی سفارت خانے کی مساعی کی تعریف کی۔انھوں نے مزید کہا کہ ہند ایران تعلقات کافی قدیم ہیں اور دونوں میں ہمیشہ سے پرخلوص رشتہ رہا ہے۔ایرانی سفارت خانے نے ماضی میں بھی جامعہ کو فیاضی سے عطیات دیے ہیں اور امید ہے کہ مستقبل میں بھی یہ تعاون جاری رہے گا۔

پروفیسر ابوذر خیری، کارگزار مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ہند ایران کے شان دار اور قابل فخر تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کلچر ہاؤس ایران کی جانب سے اس ہال کی تجدید نو کے کام سے ہند ایران تعلقات اور جامعہ میں اس کی تعلیم وتربیت کے تئیں ایک نئی معنویت جڑ گئی ہے۔’ایران سے ہمارے تعلقات اور فارسی زبان وادب کی تعلیم وتدریس شیخ الجامعہ، پروفیسر آصف کی سربراہی میں مزید مستحکم ومضبوط ہورہے ہیں۔‘

ڈاکٹر فریدالدین عصر، کلچرل کاؤنسلر، کلچر ہاؤس اسلامی جمہوریہ، ایران نے ہال کے تجدید نو اور اس کی درستگی کے پروجیکٹ کا جائزہ پیش کیا جس میں انھوں نے ایرانولوجی ہال میں کی گئی بہتری کی تفصیلات بھی فراہم کی۔ ان تفصیلات میں ہال کو تصاویر، خطاطی اور دست کاری کے نمونوں سے آراستہ ایران کی ثروت مند ادبی، تہذیبی اور فنی ورثہ کا اظہار تھا۔ انھوں نے پروجیکٹ میں شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف کی طرف سے حاصل تعاون کا پرخلوص شکریہ ادا کیا۔

ایچ۔ ای۔ ایراج الہی ایرانی سفیر برائے نے ہندو ایران کی شان دار تاریخی وتہذیبی تعلقات کے حوالے سے وضاحت سے گفتگو کی اور بین تہذیبی مفاہمت اور مذاکرات کے فروغ میں ایرانی مطالعات کی دور رس معنویت پر زور دیا۔ انھوں نے ایرونولوجی ہال کی تجدید نو کے سلسلے میں ہندوستان کے مثبت اپروچ، تعاون اور دلچسپی کی تعریف وتوصیف کی اور اسے دونوں ملکوں کے درمیان تعلیمی اشتراکات اور تہذیبی لین دین کی مضبوطی کی راہ میں ایک اہم قدم بتایا۔

پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ نے اپنی صدارتی تقریر میں متنوع علمی علوم وفنون کے فروغ کے تئیں جامعہ کے عہد کو اجاگر کیا اور عالمی تہذیبوں کی تفہیم میں ایرنولوجی کی اہمیت پر زور دیا۔ ہال کی تجدید کے پروجیکٹ کے لیے ایران کلچر ہاؤس کے فیاضانہ تعاون کے شکریے کے ساتھ ساتھ پروفیسر مظہر آصف نے امید ظاہر کی کہ جامعہ کے ہر شعبے میں جہاں بیرونی زبان کی تعلیم دی جاتی ہے وہاں اسی طرح کا وقف شدہ اسپیس بنانے کی پہل کی جائے گی۔ پروفیسر آصف نے کہا کہ اپنی نوعیت کے مخصوص ہال کا آج افتتاح عمل میں آرہا ہے ایسے ہال کی ہر شعبے کو ضرورت ہے تاکہ طلبہ جس زبان کی تعلیم حاصل کررہے ہیں اس کی تہذیب کو سمجھ سکیں۔

پروفیسر کلیم اصغر، صدر شعبہ فارسی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔ انھوں نے ایرانی سفارت خانے، کلچرل ہاؤس اسلامی جمہوریہ ایران، تمام مندوبین، شرکا، ہال کی تجدید پر مشتمل ٹیم اور یونیورسٹی انتظامیہ کا ان کے متواتر تعاون اور حوصلہ افزائی کے لیے اور پروجیکٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں بھرپور تعاون دینے اور اسے کامیاب بنانے کے لیے جس میں طلبہ، اسکالر اور بڑی تعداد میں لوگوں کے جدید سہولیات ہیں، ان سب کا شکریہ ادا کیا۔ امید ہے کہ تجدید و درستگی سے آراستہ یہ نیا ہال ایرانی تاریخ، زبان، ادب اور تہذیب کے مطالعے کے لیے جامعہ کے تعلیمی ڈھانچے کو بہتر کرے گا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ